پریس ریلیز ۵ جنوری ۲۰۱۷ء

گلوبل جامعہ المنائی نیٹ ورک (گیان) کا مورخہ ۶ جنوری ۲۰۱۷ء کو افتتاح

جامعہ المنائی سے گزارش کے ساتھ کہ وہ گیان میں اپنا رجسٹریشن کرائیں

گلوبل جامعہ المنائی نیٹ ورک (گیان) اپنی نوعیت کا پہلا نیٹ ورک ہے جو دنیا بھر میں موجود جامعہ کے فارغین کو ایک متحدہ پلیٹ فارم دینے کی غرض سے بنایا گیا ہے۔ گیان عزت مآب پروفیسر طلعت احمد شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی کی فکری کاوش کا نتیجہ ہے۔

گیان کا باقاعدہ افتتاح شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے دفتر میں مورخہ ۶ جنوری ۲۰۱۷ء کو شام پانچ بجے ہوگا جس کے ساتھ ہی دنیا بھر میں جامعہ کے فارغین کے رجسٹریشن اور گیان کے عالمی آغاز ہو جائے گا۔

ادارے کی تاریخ میں اسے اہم واقعہ بتاتے ہوئے شیخ الجامعہ پروفیسر طلعت احمد نے جامعہ کے المنائی سے کہا کہ وہ اس میں اپنا رجسٹریشن کرائیں۔

گیان کے افتتاح کے ضمن میں جامعہ المنائی کے لیے پروفیسر طلعت احمد کے پیغام کو درج ذیل سائٹ پر پڑھا جا سکتا ہے۔

http://jmi.ac.in/studyatjamia/alumnizone/msgvc

گیان کا تصور ہند اور بیرون ہند میں موجود المنائی کے ساتھ یونیورسٹی کے رشتے کو مضبوطی واستحکام کے ارادے سے سامنے آیا ہے جس کا مقصد ترقی وخوشحالی کی غرض سے تہذیبی وثقافتی اور پیشہ ورانہ لین دین کا پلیٹ فارم مہیا کرانا ہے۔

گیان جامعہ اور اس کے المنائی کے مفادات، رفاہی سرگرمیوں اور تعلیمی مقاصد کو فروغ دے گا ساتھ ہی بڑے پیمانے پر فریقین میں باہمی فائدے کے رشتوں کو مضبوطی دے کر اسے برقرار رکھے گا اور تاعمر جامعہ المنائی کا فیلو المنائی کے ساتھ اور یونیورسٹی برادری کے ساتھ مستحکم رشتوں کی حوصلہ افزائی کرے گا۔

گیان ایک پلیٹ فارم کی طرح بھی کام کرے گا جس میں جامعہ اور اس کے المنائی آپس میں ایک دوسرے کو معلومات بھیج کر یونیورسٹی کے وژن اور مشن کو فروغ دیں گے۔ مزید برآں مختلف سیکٹر اور شعبوں کے جامعہ المنائی کی مدد سے ایسے پروگرام بنائیں جائیں گے جس میں وہ مہارت حاصل کریں اور موجودہ نصاب تعلیم کو جدید تر کرنے کے ساتھ طلبا کو ملازمتوں کے حصول میں معاون ومددگار ثابت ہوں۔

گیان کا دستور عزت مآب پروفیسر طلعت احمد شیخ الجامعہ کی صدارت والی میٹنگ میں منظور ہو چکا ہے۔ میٹنگ میں پرو وائس چانسلر پروفیسر شاہد اشرف، مسجل جناب اے۔ پی۔ صدیقی جامعہ ملیہ اسلامیہ، اوایس ڈی برائے شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ،

، اور شرف الدین احمد اور گیان چیئرمین جناب پروفیسر مشاہد عالم رضوی جیسے اہم اراکین نے شرکت کی تھی۔
گیان کے بارے میں مزید جانکاری کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ پر جائیں:

http://jmi.ac.in/studyatjamia/alumnaizone/gjan

آن لائن رجسٹریشن فارم اس پتے پر دیکھ سکتے ہیں:

http://jmi.ac.in/alumnai/registration

پروفیسر صائمہ سعید

اعزازی نائب میڈیا کوآرڈینیٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ

9891227771